Maulana Azad National Urdu University
B.A IV Semester Examination - May- 2019

غزل' گیت' دوہا' ماہیا' مکتوب اور مضمون

BAUR401CCT: Ghazal, Geet, Doha, Mahiya, Maktoob aur Mazmoon

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) غالب کے خطوط کے مجموعے کا کیا نام ہے؟

(a) مہر نیم روز (b) عود ہندی (c) ماہ نیم ماہ (d) صحیفہ محبت

(ii) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) مقطع (c) شاہ بیت (d) حسن مطلع

(iii) ''اُردو مضمون کا ارتقا'' کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) خورشید الاسلام (b) ماسٹر رام چندر (c) سیدہ جعفر (d) سنبل نگار

(iv) غالب کی وفات کب ہوئی؟

(a) 1865ء (b) 1867ء (c) 1869ء (d) 1871ء

(v) خواجہ حسن نظامی کس صنف کی وجہ سے زیادہ مقبول ہیں؟

(a) انشائیہ (b) غزل (c) افسانہ (d) مثنوی

(vi) جرات ضبط، غم عشق، وفاؤں کا ---------مصرعہ مکمل کیجیے:

(a) صلہ (b) غرور (c) شعور (d) جفا

(vii) فراقؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(a) رگھوپتی سہائے (b) دھنپت رائے (c) دُرگا سہائے (d) سدرشن رائے

(viii) پروین شاکر کس ملک کی رہنے والی تھیں؟

(a) ہندوستان (b) پاکستان (c) بنگلہ دیش (d) کناڈا

(ix) ''علی گڑھ مسلم یونیورسٹی'' کے اصل محرک کون ہیں؟

(a) الطاف حسین حالی (b) مولانا شبلی نعمانی (c) سرسید احمد خاں (d) مولانا محمد حسین آزاد

(x) ''غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے۔'' یہ کس ادیب کا قول ہے؟

(a) رشید احمد صدیقی (b) کلیم الدین احمد خاں (c) عظمت اللہ خاں (d) الطاف حسین حالی

حصہ دوم

(2) فراق کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(3) ''ایسی وانی بولیے من کا آپا کھوئے'' دوہا مکمل کرتے ہوئے یہ وضاحت کیجیے کہ کبیر اِس دوہے میں کیا پیغام دیتے ہیں۔

(4) پروین شاکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

(5) ''بیکل اتساہی اور جان غزل'' پر ایک نوٹ لکھیے۔

(6) اسلم پرویز کے مضمون ''خون بیش قیمت ہے'' کا خلاصہ قلم بند کیجیے۔

(7) ظہیر غازی پوری یا سیدہ حنا کے ماہیے سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

(8) ہرگوپال تفتہ کے نام لکھے گئے غالب کے خطوط پر تبصرہ کیجیے۔

(9) خواجہ حسن نظامی کی مضمون نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

(10) سرسید احمد خاں کے مضمون ''اُمید کی خوشی'' کی تنقید کیجیے۔

(11) حفیظ جالندھری کے گیت ''ہمارا وطن'' کا خلاصہ لکھیے۔

(12) ماہیے کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجیے۔

(13) غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(14) ذیل میں دیے گئے مصرعوں کی مدد سے شعر مکمل کیجیے اور ان کی تشریح کیجیے:

(i) ؎ کسی کا یوں تو ہوا کون عمر بھر پھر بھی

(ii) ؎ بچے ہمارے عہد کے چالاک ہو گئے

☆☆☆